سوال

(282) فجر کی سنتیں اگر رہ جائیں تو فرض نماز کے بعد ادا کی جاسکتی ہیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جو شخص نماز فجر سے پہلے فجر کی سنتوں کو نہ پڑھ سکا ہو، اس کے نماز فجر کے بعد سنتوں کے پڑھنے کے بارے میں کا کیا حکم ہے؟ کیا یہ نماز فجر کے بعد نماز پڑھنے کی ممانعت سے متعارض تو نہیں ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

راجح قول کے مطابق فرضوں کے بعد صبح کی سنتوں کی قضا دینے میں کوئی حرج نہیں اور یہ نماز فجر کے بعد نماز کی ممانعت سے متعارض بھی نہیں ہے کیونکہ ممانعت اس نماز کی ہے، جس کا کوئی سبب نہ ہو، البتہ اگر کوئی شخص ان کی قضا کو چاشت کے وقت تک مؤخر کردے اور بھول جانے یا دیگر کاموں میں مشغولیت کی وجہ سے غافل ہو جانے کا اندیشہ نہ ہو تو یہ افضل ہے کہ انہیں چاشت کے وقت پڑھ لے

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ارکان اسلام

عقائد کے مسائل: صفحہ 301

محدث فتویٰ